ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 14 جنوری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے شاہراہ فیصل تھانہ کی حدود میں واقع منی ایکسچینج میں مبینہ ڈکیتی جبکہ گرمندر کے علاقہ میں نقب زنی کی واردات کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر ایس ایس پی ایسٹ سے علیحدہ علیحدہ انکوائری رپورٹس سمیت پولیس کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کی تفصیلات فی الفور طلب کر لی ہیں۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 14 جنوری 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی رہنماہدایات پر پولیسنگ کے مجموعی اقدامات وامور کو ناصرف مفادعامہ کے تقاضوں بلکہ جرائم کیخلاف انتہائی مؤثر اورٹھوس بنانیکے ضمن میں سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کا باقاعدہ آغاز کیا گیا جسکا مقصد مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ معروف شخصیات،سینئر صحافی حضرات سمیت سینئر پولیس افسران کی ماہرانہ تجاویز، عملی زندگی کے تجربات اور سیر حاصل تجزیوں سے پولیس افسران کو مستفید کرنا اور پولیسنگ کو ہرلحاظ سے غیر معمولی بنانا ہے۔

امروز سینٹرل پولیس آفس کراچی میں مذکورہ عنوان کے تحت مہمان گرامی ریٹائرڈ آئی جی پولیس احسان غنی (پی ایس پی آفیسر) کے ساتھ ایک گھنٹہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں گزارا گیا اور ان کے تجربات اور تجزیات کے ساتھ ساتھ عملی زندگی میں پیش آنیوالے مختلف واقعات،کیسز ،تفتیش وتحقیق اور چھان بین سمیت کرائم سین پر اٹھائے جانیوالے تمام تر پولیس اقدامات پر مشتمل سیر حاصل معلومات سے استفادہ کیا گیا۔

اس موقع پر ڈی آئی جی ساؤتھ ایس ایس پی اے سی ایل سی،اے آئی جیز اسٹیٹ مینجمنٹ،لاجسٹکس ،آپریشنز،ویلفیئر،ٹریفک ،ریسرچ، ایس پی کلفٹن،ایس پی انویسٹی گیشن ویسٹ ،ایس ایس پی ویسٹ کے علاوہ دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔